© rasailojaraid.com



میں یکجا کر کے اہل علم کے لئے دستیاب کر دیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ ان کی یہ کتاب نہ صرف علوم اسلامیہ کے طلبہ اور اساتذہ کے لئے بلکہ عام تعلیم یافتہ قارئین کے لئے بھی مفید اور دلچسپ ثابت ہوگی۔

ادارہ القلم نے اس کتاب کی تزئین و آرائش اور طباعت میں انتہائی محنت سے کام لیا ہے اور کتاب ظاہری اور معنوی دونوں لحاظ سے انتہائی دلکش اور دیدہ زیب ہے۔

---

کتاب: اذکارِ سیرت مؤلف: پروفیسر سید محمد سلیمؒ ترتیب: مولانا سید عزیز الرحمان صاحب

ضخامت: ۴۱۶ صفحات قیمت۔درج نہیں ناشر: زوار اکیڈمی پبلیکیشنز ناظم آباد نمبر۴ کراچی ۱۸

زیر تبصرہ کتاب میں سیرت رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے جناب پروفیسر سید محمد سلیمؒ نے جو مقالات اور مضامین مختلف اوقات میں مختلف رسائل وجرائد میں شائع کئے تھے، وہ یکجا کئے گئے ہیں۔ اور ان قیمتی مضامین و مقالات کے حسن ترتیب کا سہرا جناب مولانا سید عزیز الرحمان صاحب کے سر ہے۔ جس میں کل ۱۷ مضامین ہیں اور ہر مضمون متنوع عنوانات پر مشتمل ہے۔

مرتب کتاب ''پیش گفتار'' کے زیر عنوان تحریر فرماتے ہیں۔ ''پروفیسر محمد سلیمؒ (۱۹۲۳ء/اکتوبر ۲۰۰۰ء) ماہر تعلیم محقق اور تنوع پسند اہل قلم تھے۔ یہی سبب ہے کہ آپ کے مضامین کے موضوعات مختلف ہیں۔ آپ نے زیادہ تر تعلیم اور اس سے متعلقہ مباحث پر لکھا۔ لیکن اس کے علاوہ بھی آپ نے بہت سے موضوعات پر قلم اٹھایا، ان موضوعات میں سیرت طیبہ بھی شامل ہے۔ سیرت بجائے خود ایک کثیر الجہت موضوع ہے۔ جس کے ان گنت پہلو ہیں، لیکن پروفیسر صاحب کی دلچسپی اس میں ان پہلوؤں پر زیادہ رہی۔ جن پر اس سے قبل یا تو اس انداز سے لکھا نہیں گیا یا لکھا گیا تو بہت کم۔ پروفیسر سید محمد سلیم اکیڈمی کی یہ تیسری پیش کش ہے جو کہ ایک طویل وقفے کے بعد سامنے آ رہی ہے۔ راقم نے ان مضامین کو ترتیب دیتے ہوئے درج ذیل امور کو پیش نظر رکھا ہے۔

۱۔ قرآنی آیات اور احادیث کے حوالہ جات مکمل درج کئے گئے ہیں۔

۲۔ اکثر مقامات پر پہلے صرف ترجمہ ذکر تھا کوشش کی گئی کہ متن بھی ساتھ درج کیا جائے۔

۳۔ ان میں سے جو مضامین پہلے شائع ہو چکے ہیں ان کا حوالہ درج کیا ہے۔

۴۔ زبان وبیان کے حوالے سے بھی کوشش کی گئی ہے کہ اس مجموعہ کو زیادہ مفید بنایا جائے۔''

بہترین کمپوزنگ اعلیٰ طباعت مضبوط جلد اور دیدہ زیب سرورق نے کتاب کو مزید خوبصورتی بخشی ہے۔

© rasailojaraid.com